


# حضرت ابوبکر صدیقؓ

محمد حسین ہیکل

مترجم: انجم سلطان شہباز ایم اے

بک کارنر پرنٹرز پبلشرز جہلم

CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

اسلام علیکم!

زیر نظر کتاب "حضرت ابو بکر صدیقؓ" کا شمار جناب محمد حسین ہیکل کی بہترین اور مایہ ناز تصانیف میں ہوتا ہے۔ خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیقؓ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں یوں تو تمام صحابہ کرامؓ کی شخصیات بے نظیر ہیں۔ مگر زیر نظر کتاب کا مقصد ان برگزیدہ شخصیت کا تقابل و موازنہ نہیں ہے بلکہ یہ کتاب اس سلسلے کی ایک کڑی ہے جس میں فرداً فرداً تمام محترم و مکرم شخصیاتِ اسلام کا تعارف کرانا مقصود ہے ان کی خدماتِ اسلام کو خراجِ تحسین پیش کرنا ہے۔ مجھے "حیاتِ محمد" کے بعد "حضرت ابو بکر صدیقؓ" کے موضوع پر کتاب مرتب کرنے کی سعادت حاصل ہوئی جس کے لیے میں اس توفیق کے لیے اللہ رب العزت کا شکر گذار ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ حضرت عمر فاروقؓ حضرت علیؓ، حضرت خالد سیف اللہؓ جیسی عظیم شخصیات پر بھی تفصیلی کتب زیر ترتیب ہیں۔

خلفائے راشدین اور صحابہ کرامؓ کی شخصیات تمام عالم اسلام کے لیے راہنما ہیں۔ اور زہد و تقوی کے ایوانوں میں انہی کے کے اسمائے گرامی سے رعنائی ہے۔

گل بستانِ حکمت نکہت و حسنِ صداقت ہے
رفیقِ مصطفیٰ صدیق اکبرؓ فراست ہے
انہی سے زہد و تقوی کے ہے ایوانوں میں رعنائی
جہانِ صدق پر صدیق اکبر کی حکومت ہے